Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۴۷	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۶ ربیع الثانی ۱۳۴۳ھ مطابق ۲۴ نومبر ۱۹۲۴ء	جلد ۳۶

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	صفحہ عائد
۱	ترقی منشی عاشق علیخان بعہدہ سکرٹری فیلخانہ و تقرر احمد علیخان بعہدہ نائب سکرٹری	۱ و ۲
۲	اضافہ مشاہرہ بارد چپراسیان فیلخانہ انگریزی	۲
۳	خطاب سب انسپکٹر شاندہ سعادت علیخان	۲
۴	تقرری ڈاکٹر احمد علیخان	۲
۵	خانگی معروضات رامپور انجینیری و کنٹرولر کاپی	۲
۶	اضافہ محرر پرچہ اخبار	۳
۷	قاضی تفویض تاریخ مجسٹریٹی بمولوی قاسم علی صاحب	۳
۸	بجائے تعین مولوی سید اولاد حسین صاحب بعہدہ ممبر بورڈ آف آڈٹ	۳
۹	رخصت انجینیر صاحب برقی روشنی	۳
۱۰	اضافہ رجسٹرار عدالت کوتوالی نائب انسپکٹر	۳
۱۱	رخصت سید شبیر حسین سب انسپکٹر	۳
۱۲ و ۱۳	اقتباسات منشی قاسم علی صاحب — اضافہ اہلمد دفتر فائنینس	۳
۱۴	نقشہ جات رسالہ دفتر خانہ افاسس	ضمیمہ

ملخص احکام اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

عہدہ و تقرر

۱۶ نومبر ۱۹۲۴ء

حسب رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکرٹیری بہادر منشی عاشق علی خان مشاہرہ دار بیس روپیہ ماہوار بوجہ مستعدی و ہوشیاری باضافہ پندرہ روپیہ ماہوار سکرٹری فیلخانہ مقرر ہوے۔ ب انکو پچاس روپیہ ماہوار تنخواہ ملیگی اور احمد علی خان کا تقرر بعہدہ نائب سکرٹری فیلخانہ بمشاہرہ بیس روپیہ ماہوار

منظور فرمایا گیا۔

اضافہ

۱۶ نومبر ۱۹۲۳ء

حسب رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر۔ علی شاہ خان منصرم باورچیخانہ انگریزی مشاہرہ دار چالیس روپیہ ماہوار کا دس روپیہ ماہوار اضافہ بوجہ حسن انجام کار متعلقہ منظور فرمایا گیا۔

خطاب

۱۶ نومبر ۱۹۲۳ء

حسب منشاء حکم بندگان عالی حضور معلےٰ دام اقبالہم وملکہم۔ سعادت علی خان صاحب سب انسپکٹر متعینہ تھانہ ٹانڈہ کو جو گورنمنٹ عالیہ ہند سے خطاب "خان صاحب" کا عطا ہوا ہے وہ درج گزٹ کیا گیا۔

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۷ نومبر ۱۹۲۳ء

ڈاکٹر احمد علی خان کا تقرر بجائے ڈاکٹر گلاب داس بمشاہرہ نوے روپیہ ماہوار تنخواہ اور دس روپیہ ماہوار پرسنل الاونس بموجب صراحت رپورٹ منظور رہی۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

اعلیٰحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

بغرض عرض   پیش ساند

جناب عالی

ڈاکٹر سعید اللہ سب اسسٹنٹ سرجن شفاخانہ ٹانڈہ مشاہرہ دار صہ ماہوار کا ۱۸ جون ۱۹۲۳ء کو انتقال ہو گیا تھا۔ اور سو روپیہ ماہوار سے کم تنخواہ پر سب اسسٹنٹ سرجن کا ملنا دشوار تھا اسوجہ سے بجائے ڈاکٹر سعید اللہ ۳ ستمبر ۱۹۲۳ء کو ڈاکٹر گلاب داس کہنا تنخواہ لعہ دس روپیہ پرسنل الاونس جملہ ایکسو روپیہ ماہوار پر مقرر ہوئے تھے ۱۲ دسمبر ۱۹۲۳ء ڈاکٹر گلاب داس کا استعفا منظور ہو گیا سالگذشتہ بجٹ شفاخانہ کمزور تھا اور کوئی ڈاکٹر ہی نہین ملا اسلئے بجائے ڈاکٹر گلاب داس دوسرا ڈاکٹر مقرر نہین ہوا صرف وہان کے کمپونڈر کے پانچ روپیہ ماہوار مقرر کرکے معمولی کام شفاخانہ لیا گیا اسسٹنٹ سرجن صاحب نے تحریر کیا تھا کہ ٹانڈہ کا شفاخانہ ڈاکٹر سے خالی ہے اور سند یافتہ ڈاکٹر کی وہان کے واسطے ضرورت ہے منشی احمد علیخان ساکن ٹانڈہ جنکو بیس روپیہ ماہوار وظیفہ ریاست سے برائے پرورش برائے تحصیل علم ڈاکٹری ملتا تھا اسسٹنٹ سرجن کی ڈگری کلکتہ سے حاصل کرلی ہے اور وہ مستحق بھی ہین انکا تقرر بجائے ڈاکٹر گلاب داس بہ تنخواہ نوے روپیہ دس روپیہ پرسنل الاونس منظور فرمایا جائے اسٹیٹ سرجن صاحب کو لکھا گیا کہ سب اسسٹنٹ سرجنونکی تنخواہ صہ سے صہ تک ہے صرف مہابیر پرشاد سب اسسٹنٹ سرجن کی تنخواہ نوے روپیہ ہے جدید شخص کی تنخواہ مع الاونس سو روپیہ ماہوار مناسب ہے یا نہیں اسٹیٹ سرجن صاحب تحریر کرتے ہین کہ ڈاکٹر گلاب داس کا تقرر بجائے ڈاکٹر سعید اللہ مشاہرہ دار صہ ماہوار کے سو روپیہ ماہوار پر خاص طور پر ہوا وہ ہائی اکوالیفکیشن رکھتے تھے اور کم تنخواہ پر کوئی ڈاکٹر ملتا نہین تھا یہی صورت ڈاکٹر احمد علیخان کی ہے کہ وہ کلکتہ میڈیکل کالج کے پاس شدہ ہین اور ہائی کوالیفکیشن رکھتے ہین سب اسسٹنٹ سرجن مین انکی تنخواہ کم از کم سو روپیہ ماہوار ہو جائے بمشاہرہ دار نوے روپیہ دس روپیہ پرسنل الاونس تقرر احمد علیخان منظور فرمایا جائے۔ لہذا عرضداشت اجلاس ہمایون مین پیش کیجاتی ہے اور گذارش ہے کہ تقرر احمد علیخان بجائے ڈاکٹر گلاب داس سب اسسٹنٹ سرجن شفاخانہ ٹانڈہ بہ تنخواہ نوے روپیہ دس روپیہ ماہوار پرسنل الاونس ہمگین مبلغ سو روپیہ ماہوار منظور فرمایا جائے۔ دولت جاوید باد۔

عرضی

دستخط صاحبزادہ سید ... وڈیشل سکریٹری بہادر جناب ... صاحب ... سکریٹری بہادر

معروضہ ۱۲ نومبر ۱۹۲۳ء

روبکار محکمہ دارالانشاء اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۸ نومبر ۱۹۲۳ء

رامپور راہیزز (سابق رامپور انفنٹری) اور رامپور لانسرز کے مفرورونکی گرفتاری حوالگی وغیرہ کے متعلق مفصل روبکار بتاریخ ۱۶ جون ۱۹۱۲ء جاری ہوا ہے اب کہ رامپور انفنٹری (سابق سکنڈ بٹالین) اور گورکھہ کمپنی کے مفرورونکی حوالگی وغیرہ اصلاع بیرونجات سے گورنمنٹ عالیہ ہند سے طے ہو گئی ہے لہذا ان دونون زمرہ کے مفرورونکے بارہ مین بھی کارروائی معرجہ روبکار ۱۶ جون ۱۹۱۲ء مین آیا کریگی۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہون - ایک نقل درج گزٹ کیجائے -

[illegible]

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۱۸ نومبر سنہ ۱۹۲۴ء

حسب رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ پرچہ اخبار - منشی انوار حسن محرر پرچہ اخبار کی موجودہ تنخواہ بیس روپیہ ماہوار مین پانچ روپیہ ماہوار اضافہ بوجہ حسن انجام خدمات منظور فرمایا گیا -

تفویض کار

۱۹ نومبر سنہ ۱۹۲۴ء

حسب رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر - تا صحت خانبہادر سید رضا حسین صاحب چیف مجسٹریٹ مولوی قاسم علی صاحب ممبر بورڈ عارضی طور پر انکا کام انجام دینگے - اور تنخواہ بدستور صیغہ آڈٹ سے پائینگے - اور جب صاحب چیف مجسٹریٹ صحت یاب ہوکر اپنے کام پر آجائینگے - مولوی قاسم علی صاحب اپنی جگہ آڈٹ مین واپس ہونگے -

عارضی تعین

۲۲ نومبر سنہ ۱۹۲۴ء

حسب تجویز صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر - تا صحت صاحب چیف مجسٹریٹ کا کام مولوی قاسم علی صاحب ممبر بورڈ آف آڈٹ کے سپرد ہوا ہے - آڈٹ مین بورڈ پورا کرنیکی ضرورت سے مولوی سید اولاد حسین عرف للن صاحب عارضی طور پر ممبر بورڈ آف آڈٹ متعین ہوے - تنخواہ بدستور امام باڑہ سے پائینگے -

ملخص حسب حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

رخصت

۱۳ نومبر سنہ ۱۹۲۴ء

حسب منظوری اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

انجنیر صاحب برقی روشنی کی رعایتی رخصت یکماہ ۱۵ نومبر سنہ ۱۹۲۴ء سے منظور ہوی - ایام رخصت مین صاحب موصوف کا کام بھی اسسٹنٹ انجنیر صاحب انجام دینگے -

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۸ نومبر سنہ ۱۹۲۴ء

حسب تحریر صاحب مہتمم بندوبست و تحصیلدار صاحب بلاسپور سید معصوم شاہ رجسٹرار قانونگوے بلاسپور کی موجودہ تنخواہ بیس روپیہ ماہوار مین دو روپیہ ماہوار اضافہ بوجہ حسن انجام خدمات متعلقہ منظور کیا گیا -

رخصت

۱۹ نومبر سنہ ۱۹۲۴ء

حسب منظوری اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم سید شبیر حسین سب انسپکٹر دوم متعینہ کوتوالی کی رخصت ۱۰ یوم منظور ہوی -

ملخص حسب حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اختیارات

۲۰ نومبر سنہ ۱۹۲۴ء

حسب منشاے حکم بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم منشی قاسم علی صاحب جبتک کہ وہ عدالت ضلع کا کام انجام دینگے وہی اختیارات حاصل رہین گے جو صاحب چیف مجسٹریٹ کو حاصل تھے - اور وہ عدالت ضلع کا کام حسب ضابطہ انجام دینگے -

بحکم اجلاس صاحب فائننشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۶ ؍ نومبر ۱۹۲۲ء

منشی سلطان حسین خان اہلمد دفتر فائننس کی موجودہ تنخواہ بارہ پانچ عہ ماہوار مین بوجہ کمی تنخواہ تین روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا گیا ۔

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہو گئی ہین ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے اِس نادر موقع سے ضرور فائدہ اُٹھایے خود بھی خرید فرما کر پڑہیے اور احباب کو بھی دکھائیے ۔

قول شافی ۔ یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اُردو ترجمہ ہے اسکی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہے جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف .... ۱۲ ؍ ۔

التوحید ۔ یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے اسمین خداوند عالم کے وجود اسکی توحید اور صفات سے مفصل بحث کیگئی ہے اسکی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک .... ۱۲ ؍ ۔

خصائص معاویہ ۔ یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول کتاب جامع حامدی کے ملحقات مین ہے جو دراصل محمد بن عقیل اشعری کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہے ۔ بعض مطالب کا اسمین اضافہ کیا گیا ہے قیمت علاوہ محصولڈاک ۵ ؍ ہے ۔ جسقدر نسخہ مطلوب ہون درخواست منصرم صاحب کتب خانہ کیخدمت مین ارسال فرمائیے ۔ (ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور)

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

مطبوعہ ۲۴ نومبر ۱۹۲۲ء

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست ٹونک ابتداے ۱۸ لغایت ۲۳ نومبر ۱۹۲۲ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ٹانک	پاپسچیو	موار	ماندہ	کیفیت
گندم				۱۲ ار		۱۲ ار	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص				۱۵ ار		۱۵ ار	
نخود کہ آمیز				۹ ار		۹ ار	
کسہ				۱۰ ار		۹ ار	
ماش				۰		۷ ار	
مونگ				۰		۷ ار	
پیپا				۹ ار		۱۰۹ ار	
جئی				۰		۱۲ ار	
گوجئی				۰		۱۰ ار	
عدس				۸ ار		۸ ار	
ارہر				۰		۱۰ ار	
برنج				۳۰ ار		۳۰ ار	
روغن زرد				۲۰ چھٹانک		۲۰ چھٹانک	
روغن سیاہ				۱ ار		۲ ار	
روغن کنجد				۳ ار		۳ ار	
نمک سانبھر				۸ ار		۱۱ ار	
نمک لاہوری				۵ ار		۷ ار	
قند سیاہ				۵ ار		۶ ار	
باجرہ				۱۰۷ ار		۷ ار	

نقشہ گوشوارہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے اکتوبر سنہ ۱۹۲۳ء لغایت جون سنہ ۱۹۲۴ء

نام تھانہ	تفصیل پیدائش: مرد: مسلمان	مرد: ہندو	عورت: مسلمان	عورت: ہندو	میزان	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۶ سال تک: مرد	ایک سال سے ۶ سال تک: عورت	۶ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	۶ سال سے ۱۲ سال تک: عورت	۱۲ سال سے زیادہ: مرد	۱۲ سال سے زیادہ: عورت	میزان: مرد	میزان: عورت	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل امراض: ہیضہ	چیچک	تپ	متفرق	مارگزیدہ	دیگر درندہ جانوروں کے کاٹنے سے	طاعون	از خانہ نمبر ۱۹ لغایت خانہ نمبر ۲۵	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۱۸۳	۵۸	۱۱۸	۴۴	۴۰۳	۳۰۱	۱۰۲	۱۳۰	۸۶	۱۵	۶	۱۳۱	۸۸	۲۸۴	۱۸۱	۳۳۰	۱۲۵	۲	۹۱	۰	۳۷۱	۱	۰	۰	۴۶۵	
گنج	۱۶۰	۵۰	۱۱۱	۱۵	۳۳۶	۲۸۱	۶۵	۱۰۸	۷۵	۱۳	۱۲	۱۳۱	۱۲۱	۲۵۰	۲۰۸	۳۸۹	۱۶۹	۰	۵۵	۴	۳۹۹	۰	۰	۰	۴۵۸	
حوالی شہر	۱۱۴	۱۰۶	۲۰	۶۲	۳۰۲	۱۴۲	۱۶۸	۳۲	۱۶	۱۱	۸	۶۲	۶۵	۱۱۵	۸۹	۱۰۳	۱۰۱	۰	۰	۲۰۴	۰	۰	۰	۰	۲۰۴	
عظیم نگر	۲۱۵	۱۳۶	۱۵۸	۱۴۹	۶۵۸	۳۷۳	۲۸۵	۷۷	۴۱	۱۳	۱۲	۱۶۲	۱۱۳	۲۵۲	۱۹۰	۲۴۲	۲۰۰	۰	۰	۰	۴۳۹	۳	۰	۰	۴۴۲	
شاہ آباد	۱۸۲	۳۱۱	۱۱۹	۲۸۵	۸۹۱	۲۹۵	۵۹۶	۱۲۲	۸۶	۲۲	۱۰	۱۹۲	۱۳۶	۳۳۶	۲۳۲	۱۶۳	۴۱۳	۰	۷	۰	۵۷۷	۲	۱	۰	۵۸۶	
ٹیوالی	۹۲	۲۶۱	۵۵	۲۳۲	۶۴۰	۱۴۷	۵۰۶	۵۷	۴۶	۱۵	۱۴	۱۳۰	۸۳	۲۰۲	۱۴۴	۷۵	۲۷۱	۰	۰	۰	۳۴۴	۲	۰	۰	۳۴۶	
ملک	۱۳۸	۶۶۴	۱۱۲	۲۸۹	۱۲۰۳	۲۵۰	۹۵۳	۳۲۹	۱۶۲	۴۰	۴۹	۳۵۰	۳۰۳	۷۲۱	۴۲۸	۱۹۳	۹۳۲	۰	۴	۰	۱۰۸۳	۰	۰	۰	۱۰۸۹	
بلاسپور	۱۱۲	۱۲۷	۸۱	۱۹۰	۳۳۰	۱۹۳	۲۲۶	۴۳	۳۶	۱۵	۷	۱۵۹	۱۶۲	۲۱۶	۱۹۹	۲۲۱	۲۰۵	۰	۰	۰	۴۴۴	۲	۰	۰	۴۴۶	
کیمری	۱۳۶	۲۲۰	۸۷	۲۰۵	۶۵۸	۲۸۲	۳۶۲	۹۲	۳۰	۲۲	۱۳	۱۸۱	۱۰۸	۲۹۵	۱۵۱	۱۸۶	۲۶۰	۶	۲۲	۱	۳۸۶	۱	۰	۰	۴۱۶	
سوار	۲۱۳	۱۴۵	۱۸۶	۹۳	۶۳۷	۳۹۹	۲۳۸	۱۰۸	۸۰	۳۴	۲۶	۱۴۸	۱۹۹	۲۹۰	۳۰۵	۴۰۸	۲۸۸	۰	۱۶	۰	۵۷۲	۷	۰	۰	۵۹۵	
ٹانڈہ	۳۲۱	۱۹۰	۱۶۵	۱۵۳	۸۲۹	۴۸۶	۳۴۳	۹۸	۷۵	۱۹	۱۳	۱۳۳	۱۰۹	۲۵۰	۱۹۸	۲۶۰	۱۸۸	۱	۱۸	۰	۴۲۹	۰	۰	۰	۴۴۸	
میزان	۱۲۹۰	۲۳۱۴	۱۲۰۱	۹۶۳	۵۷۶۸	۲۴۹۱	۳۲۷۷	۱۰۸۵	۶۶۰	۲۵۲	۱۸۲	۱۹۱۳	۱۳۰۲	۳۲۵۰	۲۱۴۴	۲۵۳۰	۳۰۵۴	۱۰	۲۱۵	۲۰۸	۵۱۳۰	۱۶	۱	۰	۵۵۸۰	